Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَعَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

الفضل

خطبہ نمبر

روزنامہ

ربوہ

یومیہ

The Daily

ALFAZL

RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | یکم جمادی الثانی ۱۴۰۰ھ ۔ ۱۷ شہادت ۱۳۵۹ ۔ ۱۷ اپریل ۱۹۸۰ء | نمبر ۸۸

اخبار احمدیہ

- ربوہ ۱۶ شہادت (اپریل) سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے بارے میں محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ حضور کو ضعف کی تکلیف ہے اور انفکشن پوری طرح ختم نہیں ہوئی۔

احباب کرام تضرع اور الحاح سے عاجزانہ دعائیں جاری رکھیں کہ شافیٔ مطلق مولا کریم حضور کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

- محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب سلمہ کی صحت پہلے سے بہتر ہے۔ مگر کھانسی آنے سے پسلیوں میں درد اور سینے میں تشنج کی کیفیت پیدا ہوتی ہے اور سانس لینے میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔ احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ صاحبزادہ صاحب موصوف کو کامل شفایابی عطا کرے اور خدمت دین کی سعادت سے نوازتا رہے آمین

- مکرم شیخ عبدالقادر صاحب درزی پارک (لاہور) کی اہلیہ محترمہ دل کے شدید دورہ کی وجہ سے بہت بیمار ہیں حالت تشویشناک ہے۔ احباب جماعت کو ان کے لئے دعا کرنی چاہئے۔

خطبہ جمعہ

اس زمانہ میں قرآن کریم کو جاننے اور سمجھنے کے لئے حضرت مسیح موعودؑ کی کتب کا پڑھنا ضروری ہے

ایک سال کے اندر اندر ہر احمدی گھرانہ میں تفسیر صغیر کا ایک نسخہ اور تفسیر القرآن حضرت مسیح موعودؑ کی مطبوعہ پانچ جلدیں پہنچ جانی چاہئیں

اگر ہم نے اپنی نسل کو قرآن کریم کی گہرائیوں میں لے جانا ہے تو ان کی تعلیم کم از کم میٹرک تک ہونا ضروری ہے

امسال ہر امتحان دینے والا احمدی بچہ مجھے خط لکھے میں اس کے لئے خاص طور پر دعا کروں گا اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو اپنے دستخطوں سے کتب بھیجوں گا

"صد سالہ احمدیہ جوبلی" کے وعدوں میں احباب نے بڑی ہمت دکھائی ہے۔ ادائیگی میں بھی اتنی ہمت دکھانی چاہیئے۔

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۷ امان ۱۳۵۹ ہش مطابق ۷ مارچ ۱۹۸۰ء بمقام مسجد احمدیہ مارٹن روڈ کراچی

مرتبہ:۔ مکرم ملک یوسف سلیم صاحب شاہد ایم اے انچارج شعبہ زود نویسی ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

جماعت احمدیہ کراچی سے جو کرنے کی کچھ باتیں ہیں ان میں سے بعض کے متعلق اس وقت میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

پہلی بات یہ ہے کہ آپ کو علم ہو یا نہ ہو آپ نے بڑی فراخ دلی سے صد سالہ جوبلی کے وعدے لکھوائے تھے اور یہ وعدے ایک کروڑ پچپن لاکھ کے تھے۔ ۶/۱۵ سال گزر چکے اور جس نسبت سے یہ وعدے وصول ہونے چاہیئے تھے اس نسبت سے وصول نہیں ہوئے۔ چونکہ یہ طوعی وعدے ہیں، یہ طوعی چندہ ہے، وعدوں میں آپ نے بڑی ہمت دکھائی ادائیگی میں بھی اتنی ہمت دکھانی چاہیئے لیکن اگر جماعت کے سرآوردہ لوگ یہ سمجھتے ہوں کہ جب وعدوں کی فہرستیں بنائی گئی تھیں اس وقت کچھ غلطی ہو گئی تھی اور زیادہ لکھوا دیئے گئے تھے تو ہر وقت اس میں تصحیح ہو سکتی ہے۔ لیکن جو وعدہ ہے وہ پورا ادا ہونا چاہیئے۔ میرے خیال میں وصولی کے لحاظ سے ۶ سال میں ۶ لاکھ کی ادائیگی ہونی چاہیئے تھی۔ عملاً ۱۸ لاکھ کی ہوئی ہے۔

بہت زیادہ فرق

ہے۔ پس جو ذمہ دار افراد ہیں وہ جماعت سے مشورہ کر کے فہرستوں کو درست کریں جو ادائیگی ہو سکتی ہے۔ جس ادائیگی کی طاقت ہے اس جماعت میں اس کے مطابق وعدے ہونے چاہئیں۔

ہمارے ایک احمدی دوست نے (کراچی سے ان کا تعلق نہیں۔ بات سمجھانے کے لئے میں کراچی سے باہر کی ایک مثال لیتا ہوں) سولہ لاکھ کا وعدہ لکھوا دیا اور پانچ سال میں ایک ہزار ادا کیا۔ میں نے انکو دفتر کی طرف

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبدالحی۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سے لکھوایا کہ جو وعدے ہیں اس کے مطابق ہم نے اپنی کچھ تجاویز سوچنی ہیں کچھ منصوبے بنانے ہیں۔ آپ نے جس نسبت سے پندرہ سال میں سے پانچ سال میں ہزار دیا تو پندرہ سال میں تین ہزار کی آپ کو طاقت ہے (آپ کا عمل بتا رہا ہے) مگر تین ہزار کی بجائے آپ نے سولہ لاکھ کا وعدہ لکھوا دیا ہے۔ ہم نے خود آپ کا وعدہ سولہ لاکھ کاٹ کے تین ہزار لکھ لیا ہے۔ اس پر انہوں نے لکھا کہ ٹھیک ہے غلطی ہوگئی، تین ہزار نہیں ۲۵ ہزار لکھ دیں وہ میں ادا کر دونگا۔

تو یہ وعدوں کے اوپر جو عمل ہے، جو خرچ کے منصوبے ہیں، جو Plan کرنا ہے، جو ساری دنیا میں قرآن کریم کی اشاعت کرنی ہے، جس قسم کی ہم نے مسجدیں بنانی ہیں، جتنی طاقت ہے اتنی ہی بنانی ہیں۔ جتنے وعدے ہیں اس کے مطابق تو نہیں ہم بنا سکتے۔ اس کی طرف توجہ ہونی چاہیئے اور مشاورت تک ابتدائی رپورٹ مجھے مل جانی چاہیئے۔

دوسری بات جو آج میں کہنی چاہتا ہوں وہ قرآن کریم کی طرف توجہ دینا ہے۔ قرآن عظیم (یہ ہماری کوئی خواہش یا جذبہ یا قرآن کی محبت نہیں جو یہ اعلان کرتی ہے بلکہ قرآن کریم) حقیقتاً

ایک عظیم کتاب

ہے، اتنے علوم اس میں بھرے ہوئے ہیں نہ ختم ہونے والے علوم کہ انسانی عقل ان کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ اتنے علوم بھرے ہوئے ہیں کہ قیامت تک کے انسان کو بھی شائد قرآن کریم کے سارے علوم کا احاطہ نہ ہو سکے اس قدر عظیم کتاب ہے جو آپ کی روزمرہ کی ضرورتوں کو بھی پورا کرنیوالی ہے جو آپ کے زمانہ کی ضرورتوں کو پورا کرنیوالی ہے جس سے ہمارا تعلق ہے۔ مثلاً اگلی صدی کے مسائل ۔ ہم یقین رکھتے ہیں) ہمارا ایمان ہے قرآن عظیم ان مسائل کو حل کرے گا۔ مگر جہاں تک ہماری زندگیوں کا سوال ہے ہمیں تو اپنے زمانہ سے دلچسپی ہے نا اور میں علیٰ وجہ البصیرت جانتا ہوں اور علیٰ وجہ البصیرت اس کا اعلان کرتا ہوں، غیروں کے سامنے بھی کرتا ہوں کہ اس زمانہ کی تمام ضروریات کو قرآن کریم پوری کرتا ہے۔ جو اس زمانہ نے نئے مسائل انسانی معاشرہ میں پیدا کئے ہیں۔ سوائے قرآن کریم کے اور کوئی تعلیم کوئی ازم کوئی انسانی دماغ کوئی بڑے سے بڑا فلسفی ان مسائل کو حل نہیں کر سکتا۔ اتنی عظیم کتاب ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے یہ اعلان کر دیا۔

يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُورًا (الفرقان آیت ۳۱)

کہ قیامت تک امت محمدیہ میں قرآن پر بظاہر

ایمان لانے والوں میں

ایک ایسا گروہ بھی پیدا ہوگا جو قرآن کریم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دے گا اور کوئی توجہ نہیں کرے گا۔ لیکن جو ایسا کرے گا وہ اس کا نتیجہ بھگتے گا، وہ ترقیات کی تمام راہیں اپنے پر بند کرے گا وہ نور سے نکل کے ظلمات میں آجائے گا اس کا سر مخالف کے سامنے ہر وقت جھکا رہے گا۔ اس کا ہاتھ غیروں کے سامنے ہر وقت پھیلا رہے گا۔ ذلت کی تمام راہیں اس پر وا ہوں گی۔ عزت کے سارے دروازے اس پر بند ہو جائینگے کیونکہ قرآن کریم نے ہمیں بتایا۔

إِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا

قرآن کریم نے ہمیں بتایا ہے کہ تمام خزانے خدا کے ہیں اور اپنی حکمت کاملہ سے، اپنی منشاء کے مطابق وہ اپنے خزانوں کو اپنے بندوں کے لئے حصہ رسدی دیتا ہے۔ اور اس کے دروازے ان پر کھولتا ہے۔

قرآن کریم اگر قیامت تک کے لئے مسائل حل کرنے کی طاقت رکھتا ہے تو قیامت تک خدا تعالیٰ کے ایسے نیک اور پاک اور مطہر بندے پیدا ہوتے رہنے چاہئیں جو معلم حقیقی یعنی اللہ تعالیٰ سے سیکھیں۔ اور انسانوں کو

قرآن کریم کے اسرار اور بطون

سے آگاہ کریں تاکہ جو نئی مصیبتیں انسان نے اپنے لئے پیدا کر لیں اور نئے مسائل اس کے سامنے آگئے ان کا کوئی حل ہو اور اس کی نجات کے دروازے کھلیں۔

اس زمانہ کے لئے اور اس ہزار سال کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تفسیر قرآنی تفصیل میں بھی اور بیج کی حیثیت میں بھی موجود ہے۔ یعنی جو

اس زمانہ کے مسائل

ہیں ان کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہر وہ تفسیر کر دی جس کی ضرورت تھی اور بڑا لطف آتا ہے۔ کئی دفعہ میں نے سوچا ہے۔ کوئی مسئلہ درپیش ہے۔ اور انسانی دماغ کام کرتا ہے۔ دعائیں کرتا ہے اور ایک آیت کی تفسیر ذہن میں آتی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہی اس مسئلہ کو حل کرنے والی ہے۔ اور یہ دماغ میں حاضر ہی نہیں ہوتا کہ یہ بات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی کتاب میں لکھ چکے ہیں اور پھر چند دنوں کے بعد کتب کا مطالعہ کرتے ہوئے دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب میں وہ چیز موجود ہے۔

تو اس زمانہ میں قرآن کریم کو سمجھنے اور جاننے کے لئے اور اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے اپنی زندگی کی ظلمات کو اور زندگی کے اندھیروں کو

قرآن کریم کے نور سے

نور میں بدلنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کا پڑھنا ضروری ہے۔ ساری ہی کتب اور آپ کی سب تحریریں قرآن کریم کی تفسیر ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن کریم سے باہر، قرآن کریم سے زائد ایک لفظ بھی نہیں لکھا۔ نہ قرآن کریم پر کچھ زیادتی کی نہ قرآن کریم سے کوئی کمی کی، تفسیر بیان کرتے چلے گئے ہیں۔ بعض ایسے بیان ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ نہیں لکھا کہ میں کس آیت کی تفسیر کر رہا ہوں اور ایک بیان دے دیا ہے کسی مسئلے کے متعلق کسی وقت غور کرتے ہوئے وہ عبارت پڑھتے ہوئے (حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تو نہیں لکھی لیکن) دماغ میں ایک آیت آجاتی ہے کہ آپ فلاں آیت کی تفسیر کر رہے ہیں اس لئے کہ جس شخص کے متعلق

جماعت کے ہر فرد کا یہ عقیدہ ہے۔

اور یہ عقیدہ ہونا چاہیئے کہ اس نے قرآن سے باہر کچھ نہیں لکھا اس کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ فلاں آیت کی تفسیر ہے وہ یہ جانتا ہے کہ کسی نہ کسی آیت کی تفسیر ہے۔ اپنے پاس سے قرآن پر زائد کر رہے ہیں اور نہ اس میں سے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نکال کے باہر پھینک رہے ہیں۔ اس لئے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اور آپ لوگوں کی توجہ اس طرف اتنی نہ ہونے کی وجہ سے جو ہونی چاہئے آپ کی مدد کرنے کے لئے میرے دماغ میں ایک سکیم آئی ہے۔

ہاں میں یہ بتا دوں کہ قرآن کریم کا ہی ذکر ہے اُس آیت میں جس میں ہے:

وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

یہ دعا ہمیں سکھائی ہے قرآن کریم نے کہ اے ہمارے رب! ہمیں علم میں بڑھاتا چلا جا۔ اس سے بھی پتہ لگتا ہے کہ قرآنِ عظیم

غیر محدود علوم کا خزانہ

ہے کیونکہ اگر وہ محدود ہوں تو اس وقت جب وہ پہلی ساری باتیں ختم ہو گئیں اس کے بعد اس دعا کا کوئی فائدہ نہیں لیکن قیامت تک آنیوالے انسان کو یہ دعا سکھائی قرآن کریم نے کہ یہ دعا کرتے رہو کہ اے خدا! ہمیں قرآنی علوم میں بڑھاتا ہی چلا جا۔ قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا۔

اور یہ بھی ہمیں بتایا اللہ تعالیٰ نے کہ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ (یہ سورۃ بقرہ کی ۲۵۶ ویں آیت کا ایک ٹکڑا ہے) اس سے پہلے اس آیت میں یہ بیان ہوا ہے کہ جو کچھ انسان کے سامنے ہے اور جو کچھ انسان کے پیچھے ہے یعنی جو کچھ اس کے علم میں ہے اور جو کچھ وہ اپنے عدم علم کی وجہ سے جانتا نہیں، جاہل ہے اُس سے، وہ سب کچھ ہی اللہ تعالیٰ جانتا ہے یعنی جو کچھ بھی ہے خواہ وہ انسان جانتا ہو یا نہ جانتا ہو اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔ اور

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ۔

اللہ تعالیٰ کائنات کو پیدا کرنے والا، کائنات کی کُنہ کو جاننے والا ہے اور اس کی مرضی کے سوا اس کے علم کے کسی حصہ کو بھی کوئی شخص پا نہیں سکتا۔ تو ہر علم میں جو زیادتی ہوتی ہے وہ خدا تعالیٰ کی منشاء اور مرضی کے مطابق ہوتی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ ایک دہریہ سائنسدان جب کوئی problem حل کر رہا ہو یا اپنا کوئی فارمولا بنا رہا ہو اور اس کو سمجھ نہ آ رہی ہو، دماغ میں اندھیرا ہو، اور ایک تڑپ اس کے اندر پیدا ہوتی ہے کہ کہیں سے مجھے روشنی ملے، تو وہ تڑپ

ایک غافل کی دعا

کی مانند ہے اور اللہ تعالیٰ ایسا ہی سمجھتا اور اس کے دماغ میں روشنی پیدا کر دیتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اُس جگہ کسی آیت کا حوالہ نہیں دیا۔ ابھی میں نے جو کہا تھا کہ کسی آیت کا حوالہ آپ دیں دیں وہ ہے کسی نہ کسی آیت کی تفسیر۔ پہلے میرے دماغ میں یہ بات نہیں تھی جب آپ سے باتیں کرتے ہوئے یہ آیت آگئی سامنے، وہی مثال اس کی کہ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ۔ اسی کی تفسیر کرتے ہوئے آپ نے وہ لکھا ہے کہ کوئی دہریہ، کوئی کمیونسٹ، کوئی بُت پرست، کوئی بدمذہب علم کے میدان میں ترقی کرتے ہوئے جب ترقی کرتا ہے تو خدا تعالیٰ کی منشاء کے مطابق ترقی کرتا ہے اُس کی منشاء کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اور انسان اللہ کی مرضی کے سوا اُس کے علم کے کسی حصہ کو بھی پا نہیں سکتا۔ اور اس سے اگلا ٹکڑا آیت کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم آسمانوں پر بھی اور زمین پر بھی حاوی ہے۔ کائنات کا اُس کے علم نے احاطہ کیا ہوا ہے وہ اس کا پیدا کرنے والا ہے اس کے اندر جو کچھ بھی خواص پائے جاتے ہیں، جو کچھ خواص میں کمی ہوتی ہے، جو بڑھوتی ہوتی ہے وہ

سب اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے

اس کے اَمر سے یا اس کے خلق سے وہ چیز ہو رہی ہے۔ وہ اس سے پوشیدہ اور چھپی ہوئی نہیں۔ وہ انسانوں کی طرح نہیں کہ آج یاد کر لیا یا سُن لیا اور کل کو بھول گیا خدا نہ کرے آپ میں سے بعض بھول ہی جائیں کہ میں آپ کو کیا نصیحت یہاں کر کے گیا ہوں کہ قرآن کریم کا علم حاصل کرتے رہنا ہے! اسے بھولنا نہیں۔

اب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سورہ کہف تک کی تفسیر یعنی وہ عبارتیں جہاں آپ نے آیت بھی لکھی ہے اور آگے اس کی تفسیر بھی کی ہے شائع ہو چکی ہے۔ ویسے تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ساری عبارت کسی نہ کسی آیت کی تفسیر ہی ہے جیسا کہ میں نے ابھی بتایا لیکن بعض جگہ آیات دی ہیں بعض جگہ آیت کا reference (حوالہ) نہیں دیا اور معانی بیان کر گئے ہیں یہاں میرے نزدیک (آپ کے رجسٹروں سے میرا علم اور قیافہ اور اندازہ مختلف ہے) کراچی کے حلقہ میں پانچ ہزار سے زیادہ خدام الاحمدیہ کی عمر کے احمدی ہیں۔ بہت سارے رجسٹروں پر نہیں آئے اس کی بہت ساری وجوہات ہیں اس وقت اُن میں جانے کی ضرورت نہیں۔ خدام الاحمدیہ سے میں نے کہا تھا کہ بتاؤ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت نے جو تفسیر چھاپی جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آیات کا حوالہ دے کر تفسیر کی ہے وہ کتنے خدام کے پاس ہے۔ اب سورہ فاتحہ ہے۔

فاتحہ قرآن کریم کا خلاصہ ہے

فاتحہ میں خلاصتہً وہ تمام علوم آ گئے ہیں جو قرآنِ عظیم میں آئے ہیں۔ سورہ فاتحہ ایک چیلنج ہے ساری دنیا کے لئے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ چیلنج دیا۔ ایک دفعہ ایک عیسائی سے پادریوں نے مل کے۔ سوچ کے۔ سر جوڑ کے یہ سوال کروا دیا تھا کہ جب آپ کے نزدیک بھی بائیبل خدا تعالیٰ کا کلام ہے تو پھر قرآن کی کیا ضرورت تھی، اتنی موٹی کتاب بائیبل جو کم و بیش ستر کتابوں پر مشتمل ہے وہ قرآن کریم کے مقابلہ میں بہت بڑی ہے۔ تو یہ سوال کر دیا کہ اس کی ضرورت کیا تھی؟ آپ نے اس کا یہ جواب دیا کہ تم قرآن کریم کی ضرورت پوچھ رہے ہو۔ میں کہتا ہوں کہ سورۃ فاتحہ میں اللہ تعالیٰ نے جو اسرار روحانی بیان کئے ہیں اور جو علوم اس میں پائے جاتے ہیں جو سات آیات پر مشتمل ایک صفحہ بھی نہیں بنتی (اسی واسطے جتنے ہمارے قرآن کریم چھپتے ہیں۔ آپ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نے دیکھا ہوگا کہ پہلا صفحہ جہاں سورۃ فاتحہ ہے اس کے اردگرد بیل بوٹے ڈال کے تو اکثر حصہ صفحے کا سجایا ہوا ہے اور بیچ میں وہ سورہ فاتحہ سات چھوٹی چھوٹی آیات پر مشتمل لکھی گئی ہے) اس سات آیات پر مشتمل سورۃ فاتحہ کے علوم کے برابر بھی اگر تم اپنی ساری کتاب میں سے نکال کر مجھے دکھا دو تو میں سمجھوں گا کہ تمہارے پاس کچھ ہے۔ لمبا زمانہ گزر گیا اس چیلنج پر انہوں نے اس علمی میدان میں کوئی کشتی نہیں کی تھی۔ سر نہیں پھوڑتے تھے، جسموں کو زخمی نہیں کرنا تھا۔

سینوں کو منور کرنے کا سوال

تھا۔ نہیں آئے۔ ۶۷ء میں جب میں اپنی خلافت میں پہلی بار باہر نکلا تو کوپن ہیگن میں جہاں میں نے مسجد کا افتتاح بھی کرنا تھا تین مختلف سوسائٹیز (Societies) نے (دو کا تعلق عیسائی پادریوں سے تھا اور ایک محققین کی جماعت تھی) کہا ہم نے علیحدہ علیحدہ ملنا ہے۔ میں نے ان سے کہا وقت کم ہے، مصروفیت زیادہ ہے اگر آپ کو تکلیف نہ ہو تو تینوں اکٹھے مجھ سے مل لیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنے چار چار نمائندے مقرر کئے اور وہ بارہ اکٹھے ہو کر آئے۔ ان کا ایک لیڈر تھا۔ بڑی دلچسپ گفتگو ہوئی۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ جواب ان کو جواب تھا کہ سورہ فاتحہ کے مضامین اگر اپنی ساری کتاب میں سے نکال کے دکھا دو تو ہم سمجھیں گے تمہارے پاس کچھ ہے۔ میں نے اس کا انگریزی ترجمہ ٹائپ کروا کے رکھا ہوا تھا۔ ان کو دینے کی غرض سے جس وقت ہم باہر نکلے اور میں انہیں رخصت کر رہا تھا میں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اس جواب کا ذکر کرتے ہوئے کہا اس واسطے میں نے پہلے بات نہیں کی کہ میں نے اس کا فوری جواب نہیں لینا۔ یہ آپ سے مطالبہ کیا گیا تھا بڑا لمبا زمانہ گزرا۔ لیکن آپ نے خاموشی اختیار کی۔ آپ میں سے آج کوئی شخص نہیں کہہ سکتا کہ جس شخص نے یہ مطالبہ کیا تھا۔ وہ تو ۱۹۰۸ء میں فوت ہو گئے تو اب ہم کس کے سامنے جا کر

مطالبہ منظور کریں۔

میں نے کہا میں ان کا نائب موجود ہوں اور میں یہ تمہارے سامنے رکھتا ہوں۔ میرے سامنے کرو پیش جواب اس مطالبہ کا پھر مقابلہ ہو جائے کہ سورۃ فاتحہ میں جو علوم ہیں، اسرار روحانی، وہ زیادہ ہیں یا ان کی ساری کتابیں زیادہ ہیں وہ انگریزی ترجمہ میں نے ان کو دے دیا۔ میں نے کہا سر جوڑنا اور پھر مجھے جواب دے دینا۔ ۶۷ء کا وہ دن جولائی کا کوئی دن تھا اور آج کے دن تک کسی نے جواب نہیں دیا اور وہاں یہ پروپیگنڈہ کر دیا کہ میرا رویہ سخت تھا وہاں سے ایک صحافی آئے بڑے مشہور وہاں کے صحافی ہیں۔ ربوہ بھی آئے تو مجھے کہنے لگے۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت صاحب نے کچھ سخت رویہ اختیار کیا تھا میں نے کہا میں نے تو یہ رویہ اختیار کیا تھا اس نے کہا اچھا یہ بات ہے تو پھر میں جا کے ان کی خبر لوں گا۔ خیر اس نے خبر لی یا نہ لی۔ سوال تو یہ ہے کہ قرآن عظیم بڑی ہی عظیم کتاب ہے۔

اب سورۃ فاتحہ کا چونکہ چیلنج دیا ہوا تھا تو مجھے خود خیال آیا کہ اگر وہ تیار ہو جائیں (جو مجھے یقین تھا نہیں ہوں گے) تو مجھے تو شروع کرنی ہوگی تفسیر سورہ فاتحہ کی۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام، حضرت خلیفہ اول رضی اللہ تعالیٰ، حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے سورہ فاتحہ کی تفسیر کی ہے اور پھر خدا تعالیٰ نے بہت ساری نئی باتیں مجھے بھی سکھائیں سورہ فاتحہ کی وہ سارا مجموعہ ایک بہت بڑا علم ہے۔ پھر آپ بڑھتا چلا جائے گا یہ علم۔ یہ اکٹھا تو ہو جانا چاہیئے۔ تو اسی خیال سے یہ قرآن کریم کی تفسیر ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کی ہے۔ وہ چھپوانی شروع کی۔

ایک جلد میں سورہ فاتحہ کی تفسیر

ہے اور بڑی عجیب تفسیر ہے، بہت ہی پیاری، بہت مزیدار، بہت لطف آتا ہے پڑھ کے اور سارے خدام کے پاس پتہ ہے اس کی کتنی جلدیں ہیں۔ ۶۲۔ صرف ۶۲ خدام کے پاس کراچی کے نو حلقوں میں سورہ فاتحہ کی تفسیر۔ صرف ۳۶ خدام کے پاس سورۃ البقرہ کی تفسیر۔ صرف ۱۶ خدام کے پاس سارے کراچی میں آل عمران۔ النساء کی تفسیر۔ صرف ۱۰ خدام کے پاس سورہ توبہ اور اس کے ساتھ کچھ اور سورتیں ملی ہوئی ہیں) ان کی تفسیر۔ اور صرف ۱۵ خدام کے پاس سورہ یونس تا کہف کی تفسیر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔ اس واسطے اس سلسلہ میں میرے ذہن میں دو تجاویز آئی ہیں۔ ایک تو میں پہلے ذکر کر چکا ہوں۔ وہ اسی جگہ لیتا ہوں دوسری کا ایک اور مضمون (Point) ہے۔ اس ضمن میں الگ بات کروں گا یعنی جو میں نے کلب کے سلسلہ میں کہا تھا۔ میں نے خدام سے کہا تھا کہ ہمارے ملک میں کتابوں کی خرید کی طرف جو توجہ نہیں اس کی

دو وجوہات

ہیں، ایک یہ کہ ملک غریب ہے اتنے زیادہ پیسے خرچ نہیں کر سکتے، دوسرے یہ کہ پڑھنے کی عادت نہیں۔ میں نے پہلے بھی بتایا ہے۔ میں انگلستان میں پڑھتا رہا ہوں ریل میں سفر کئے ہیں۔ میری آنکھوں نے یہ مشاہدہ کیا کہ ریل کے ڈبے سے ایک شخص ایک اسٹیشن پر اترا۔ اور صبح کا اخبار جو اس نے پڑھنے کے لئے خریدا تھا۔ مول لیا تھا وہ اپنی سیٹ کے اوپر چھوڑ گیا۔ اس کی جگہ اسی اسٹیشن سے ایک اور مسافر سوار ہوا اور اس نے دیکھا ایک اخبار پڑا ہے اس نے اٹھا کے پرلی سیٹ پر رکھ دیا اور اگلے اسٹیشن پر اترا اور وہی اخبار خرید کے لایا۔ ان کو مانگے کا اٹھا کے ہاتھ میں لے کے پڑھنے کی عادت ہی نہیں۔ پیسے خرچ کرتے ہیں۔ پڑھ کے پھینک دیتے ہیں۔ یہ بدقسمتی ہے ہمارے سارے مشرقی علاقوں کی کہ یہاں لوگوں کو پڑھنے کی عادت نہیں۔ علم حاصل کرنے کی عادت نہیں۔ سیکھنے کی عادت نہیں concentration کی عادت نہیں۔ توجہ قائم رکھنے کی عادت نہیں علم سے نور لے کے آگے ہی آگے بڑھنے کی عادت نہیں۔ مگر ہمارے لئے ایک مابہ الامتیاز ہونا چاہیئے، بہت ساری باتوں میں ہے، اس میں بھی ہونا چاہیئے ایک احمدی میں اور دوسروں میں جو اس علاقہ میں بسنے والے ہیں۔

آپ حیران ہوں گے یعنی یہ تو سورہ فاتحہ کی ۶۲ جلدیں ہیں۔ امریکہ میں وہ احمدی امریکن۔ جنہوں نے عیسائیت یا بدمذہب یا دہریت کو چھوڑا اور احمدی ہوئے۔ جن کی احمدیت پر تین چار سال گزر چکے ہیں اور

سینکڑوں کی تعداد ہے ان کی

انگریزی کی جو تفسیر ہے پانچ جلدوں کی وہ ان کے ہر گھر میں موجود ہے اور وہ اسے پڑھتے ہیں اور خالی پڑھتے نہیں، جہاں سمجھ نہیں آتی فون اٹھاتے ہیں اور

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہمارے مبلغ کو فون کرتے ہیں کہ یہ آیت ہے یہ تفسیر کی ہے، مجھے سمجھ نہیں آئی بتاؤ مجھے۔ وہاں تین منٹ کا فون نہیں ہوتا۔ وہاں اتنے منٹ کا فون ہوتا ہے جتنے پیسے دینے کے لئے آپ تیار ہیں، یعنی وہاں ٹیلی فون ایکسچینج بتاتا ہی نہیں کہ تین منٹ گزرے، دس منٹ گزرے، تیس منٹ گزرے، صرف بل بتاتا ہے کہ اتنے منٹ آپ نے فون کیا تھا اتنے پیسے دے دو۔ لیکن ہمیں تو کتابیں پڑھنے کی عادت ہونی چاہیئے۔ خصوصاً وہ کتب جو ہماری جان ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب پڑھ کے اگر ہم نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا نور حاصل نہیں کرنا تو زندہ رہ کے کیا کرنا ہے۔ میں نے کہا کلب بناؤ۔ خدام اپنی بنائیں۔ انصار اپنی بنائیں، لجنہ اپنی۔ اور پہلا مرحلہ یہ ہے (پہلے جو میں نے بات کی تھی اور سوچا اب اس سے کچھ زائد بات کرنے لگا ہوں) کہ ہر گھر میں دو آدمی میاں بیوی ہیں ابھی بچہ نہیں پیدا ہوا یا آٹھ دس آدمی ہیں اور ان کے dependents ہیں بچے بڑے ہو گئے ہیں۔ پہلا مرحلہ یہ ہے کہ

ہر گھر میں ایک نسخہ تفسیر صغیر کا ہو

یا اگر کوئی انگریزی کے شوقین ہیں تو جو انگریزی ترجمۂ قرآن کے فٹ نوٹ ہیں اُن میں تفسیر صغیر کو follow کیا ہے۔ بلکہ اپنی شروع خلافت میں بعض مضامین پہ میں نے روشنی ڈالی تو ملک غلام فرید صاحب نے اُن کو بھی انگریزی کے فٹ نوٹس میں لے لیا۔ یہ مرضی ہے گھر والے کی کہ وہ تفسیر صغیر رکھتا ہے یا تفسیر صغیر کی طرح کے ہی جو نیچے نوٹ والا ہمارا انگریزی ترجمہ اور نوٹ ہیں وہ اپنے گھر میں رکھتا ہے۔

اور دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تفسیر کی جو پانچ جلدیں چھپ چکی ہیں وہ اس سال کے اندر اندر ہر گھر میں آجائیں۔ اس کے لئے میں نے ایک تجویز سوچی۔ میں نے کہا نا کہ ایک ہماری مشکل یہ ہے کہ اتنے پیسے نہیں۔ مثلاً ایک خاندان ہے وہ ڈیڑھ سو روپیہ کما رہا ہے۔ ڈیڑھ سو سے زیادہ ان کی قیمتیں بن جاتی ہیں وہ کیسے یکدم خرید لیگا تو عقل سے ہم نے کام لینا ہے۔

میں یہ چاہتا ہوں

کہ آپ میں سے کوئی بھی بددیانت نہ ثابت ہو۔ اور آپ کو یہ غیرت ہونی چاہیئے کہ آپ میں سے کوئی بددیانت نہ ثابت ہو۔ اگر آپ دیانت دار ہیں تو ہمیں ایک لحظہ کے لئے بھی آپ کو کتاب پکڑانے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں محسوس ہوتی۔

یہ کلب جو میں نے بتائی ہے آپ سوچ کے بنالیں کہ سارے کے سارے اس کلب کے ممبر ہونے چاہئیں۔ بے شک اپنے چندے اپنی آمد کے لحاظ سے تھوڑے یا بہت کریں مثلاً دو روپے مہینہ کریں، تین روپے مہینہ کریں، پانچ روپے مہینہ کریں، دس روپے مہینہ کریں۔ باقاعدگی سے ہر شخص پہنچائے۔ جگہ پہنچانے کی وہ ہو جہاں اسے زیادہ تکلیف نہ ہو۔ نہ دس میل دو روپے خرچ کر کے دو روپے نہ پہنچائے بلکہ ایک پیسہ خرچ کئے بغیر پیدل چل کے اُس جگہ پر پہنچے جہاں اُس نے اپنا چندہ deposit کرانا ہے۔ خدام الاحمدیہ اور ان ساری تنظیموں کو اتنا efficient اتنا اہل تو ہونا چاہیئے کہ وہ ایسا نظام قائم کر سکیں۔ آپ کی تعداد کے مطابق میں ربوہ سے یہاں کتابیں بھجوا دوں گا۔ اور آپ ہر گھر میں دے دیں۔ اُس کی قیمت کی ادائیگی کی دو شکلیں بنتی ہیں۔ یا تو میں ربوہ کو کہوں گا کہ آپ سے بالاقساط رقم وصول کریں مثلاً سارا بل اگر دس ہزار کا بنتا ہے اور آپ نے یہ رقم دس مہینے میں دینی ہے تو ایک ہزار روپیہ دے دیں۔ اگر آپ نے ۲۰ مہینے میں وہ رقم ادا کرنی ہے (اور یہ پہلے ہی فیصلہ ہو جائے گا) تو آپ وہاں پانچ سو روپیہ مہینہ ادا کریں باقاعدگی کے ساتھ بغیر اس کے کہ ایک خط بھی یاددہانی کا آپ کو آئے۔ اسی طرح لجنہ کرے اور انصار کریں لیکن

جماعت ایک کمیٹی بنائے

جو یہ دیکھے کہ میں جو کہہ رہا ہوں کہ تین تنظیمیں کریں تو میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ ابھی پہلے مرحلے میں ہی ایک گھر میں تین جلدیں اکٹھی ہو جائیں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ایک ایسا گھر ہے جہاں خدام الاحمدیہ کی عمر کا بچہ ہی کوئی نہیں تو اس کے لئے انصار منتظم ہوں۔ ایک گھر ایسا ہے جہاں مرد ہی کوئی نہیں مثلاً کئی نادان ہماری بوڑھی نوجوان کنواری لڑکیاں جو نوکری کرنے لگ گئی ہیں ۲۸ سال کی اکیلی ہیں یعنی ابھی شادی نہیں ہوئی خاوند ہی کوئی نہیں ان کے۔ تو وہ لجنہ اماء اللہ کی ممبر بنیں گی اور اُن سے لے لیں گی۔ جماعت احمدیہ ایک کمیٹی بنائے جو یہ دیکھے کہ یہ آپس میں co-ordination ہو کہ یہ ایک کاپی جو آئی ہے یہ خدام الاحمدیہ کے ذریعہ اُس گھر میں داخل ہو گی یا انصار اللہ کے ذریعہ یا لجنہ اماء اللہ کے ذریعہ۔ اور اس سال کے اندر اندر یہ مرحلہ آپ کو کتابیں ملنے کا پورا ہو جانا چاہیئے۔ اس کی ادائیگی کی تو دیکھیں گے کیا شکل بنتی ہے کچھ جلدی ادائیگی کر دیں گے کچھ یکمشت ادائیگی کر دیں گے۔ کوئی دس مہینے میں کرے گا۔ کوئی بیس مہینے میں کریگا اس کے مطابق ہو گا۔ ایسا مالی بوجھ ڈالے بغیر جسے اٹھانے کی اس شخص کو طاقت نہیں۔ یہ علوم کے خزانے اُن کے گھروں میں پہنچنے چاہئیں۔ ہم اُن کے گھروں کو نور اور

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی برکات

سے بھرنا چاہتے ہیں یہ کتب وہاں ہونی چاہئیں۔ یعنی یہ مرحلے دو ہیں کتب کے لحاظ سے لیکن یہ ایک وقت میں چالو ہوں گے۔ اور علیحدہ علیحدہ اس کی رپورٹیں ہوں گی اور میرے پاس آئیں گی۔ اور ایک سال کے اندر اندر ہر گھر میں تفسیر صغیر کا ایک نسخہ اور پانچ جلدیں تفسیر کی ہو جانی چاہئیں۔ جو طاقت رکھتے ہیں وہ تو اگلے جمعہ سے پہلے پہلے خرید لیں۔ مجھے یہ بھی دیکھنا پڑیگا کہ آپ کی ضرورت کے مطابق ربوہ میں جلدیں موجود بھی ہیں یا نہیں۔ یا چھپوانی پڑیں گی۔ اس واسطے میں نے ایک سال لگایا ہے کیونکہ پھر میں ذمہ دار ہوں انشاء اللہ کہ وہ آپ کو ایک سال کے اندر مل جائیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دوسری بات میں اپنے طلباء کے متعلق کچھ کہنی چاہتا ہوں۔ میرے دل میں بڑی شدت سے یہ ڈالا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ پر ذہنی عطا کے طور پر جس قدر رحمتیں کرتا رہا ہے اُس سے بہت زیادہ اس اگلے زمانے میں کرنے والا ہے انشاء اللہ۔ اور

جماعت کا فرض ہے

کہ ذہن کو بچائے محفوظ کرے اور اس کی نشوونما کا انتظام کرے۔ یہ سکیم جیسا کہ میں نے مختصراً جلسہ سالانہ پر بتائی تھی پانچویں جماعت سے عملاً شروع ہوتی ہے۔ ویسے شروع ہو جاتی ہے اُس کلاس سے جس میں سکول یا حکومت کا نظامِ تعلیم امتحان لیتا ہے اکثر امتحان تو سکول میں ہوتے ہیں چوتھی تک غالباً سارے ہی امتحان سکول میں ہوتے ہیں۔ پانچویں کا پہلا امتحان ہے جہاں محکمہ تعلیم بیچ میں آجاتا ہے۔ وہ بھی شاید ساروں کا نہیں لیتا۔ بہرحال پہلی بات جو میں چاہتا ہوں کہ آپ کریں مجھے خوشی پہنچانے کے لئے وہ یہ کہ ہر وہ احمدی بچہ جو کراچی میں رہتا ہے

GREATER KARACHI میں اور اس میں میں شامل کرتا ہوں ضلع حیدرآباد اور دادو اور تھرپارکر یہ ہماری زمینیں آگئی نا ساری۔ یہ اگر کر لیں تو اس سارے ایریا میں ہر وہ بچہ جو اگلے ۳/۴ ماہ میں امتحان ہونے والے ہیں اگر وقت پر ہو گئے تو ہر بچہ جو امتحان دے وہ مجھے نتیجہ نکلنے پر خط لکھے اور میں ہر اُس بچہ کو اپنے دستخطوں سے جواب دوں گا۔ اور یہ تو عام ہے۔ اور ہر بچہ جس نے پانچویں جماعت کا امتحان دیا ہے اور اس علاقہ میں مختلف محکمہ تعلیم مختلف حصوں کے ذمہ دار ہیں مثلاً کراچی کا اور ہے اور حیدرآباد کا اور ہے مجھے اس کی تفصیل کا پتہ نہیں۔ لیکن جو مستقل INDEPENDENT یونٹ ہیں امتحان لینے والے اُس انڈی پنڈنٹ یونٹ میں ہر وہ بچہ جو

اُوپر کی ۳۰۰ پوزیشنز

میں آتا ہے (پانچویں جماعت میں بے شک ۵۰۰ کی ۵۰۰ پوزیشنیں لے لو) اس کو علاوہ خط کے (میں سوچ کے بتاؤں گا ترتیب بدلنی پڑے گی مثلاً سورہ فاتحہ جو ہے وہ ذرا دقیق ہے وہ پانچویں جماعت کا بچہ نہیں سمجھ سکتا۔ تو دیکھوں گا میں کہ کوئی ایسی تفسیر بھی ہو جس کے کچھ حصے میں سمجھ لے کہ مضمون کے لحاظ سے ایسے ہیں جو پانچویں جماعت کے بچے کے ہاتھ میں دے دوں دو چار سال کے بعد چاہے پڑھ لے) میں اپنے دستخطوں کے ساتھ وہ تفسیر بھجوا دوں گا اگر وہ نمبروں کے لحاظ سے اُوپر کے TOP کے ۳۰۰ میں آگیا ہے۔

اور اسی طرح آٹھویں جماعت میں پھر محکمہ تعلیم کا امتحان ہے اور وہ وظیفے کا بھی امتحان لیتے ہیں لیکن وظیفہ تو اتنے کو دیتے ہیں یا نہیں دیتے بہرحال اس وظیفہ کے امتحان میں پہلے ۳۰۰ جو TOP کے ہیں یعنی آٹھویں کے امتحان میں جو گورنمنٹ لے رہی ہے (سکول کا امتحان نہیں اس میں۔ یعنی جو اپنا سکول امتحان لیتا ہے وہ تو کوئی کسی قسم کا سکول ہے کوئی کسی قسم کا سکول ہے) اس کے نتیجہ کی فہرست میں سب سے اُوپر جو ۳۰۰ طالب علم ہیں اُن ۳۰۰ میں جتنے بھی احمدی بچے ہیں اُن کو انشاء اللہ میں کتاب دوں گا۔

دسویں جماعت میں بورڈ کا امتحان ہے۔ جہاں جہاں بھی اس ایریا میں بورڈ ہیں

چوٹی کے دو سو دماغ

جو ہیں اُن میں جتنے بھی احمدی ہیں اُن کے ذہن کے مطابق یہی جو میں پانچ کتب تفسیر ان میں سے ایک پر اپنے دستخط کر کے اور پیار کا خط لکھ کے ان کو دوں گا۔

اور انٹرمیڈیٹ جو ہے اُس کے بھی ٹاپ کے ۲۰۰ لڑکے ہر بورڈ کے اور گریجوایشن (GRADUATIN) بی اے بی ایس سی جو ہے اس کے بھی ٹاپ کے دو سو جو ہیں یعنی نتیجہ کی فہرست میں سب سے اُوپر نمبر لینے والے ۲۰۰ میں سے جتنے احمدی لڑکے آتے ہیں وہ مجھے خط لکھیں گے اور یہ بھی لکھیں گے کہ ہماری پوزیشن مثلاً ۱۰۱ ہے، ۱۱۰ ہے (یعنی دو سو کے اندر اندر جو بھی پوزیشن ہے) ان کو بھی ایسا ہی انعام ملے گا۔

جو ایم اے ایم ایس سی۔ یا یہ ہمارے جو ڈاکٹر بنتے ہیں فزیشن، سرجن یا انجینئرز وغیرہ اور اس ٹائپ کے امتحانات وہ ایم اے ایم ایس سی کے مقابلے میں ہی ہیں۔ ہر مضمون میں علیحدہ علیحدہ کلاسیں بن گئی نا۔ ہر مضمون کے ٹاپ کے جو سات (۷) ہیں یونیورسٹی میں اُن میں سے جتنے احمدی ہیں اُن کو پانچ کا سیٹ یا تفسیر صغیر یا جو انگریزی ترجمہ ہے وہ تحفۃً ہم دیں گے لکھ کے کہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے اتنی ہمت دی ہے اور بھی ہمت دے۔

اور جو اس کے بعد کے ہیں مثلاً پی ایچ ڈی کہلاتا ہے یا اور سینئر پوسٹ ایم اے، ایم ایس سی یا دوسرے ان کے مقابلے میں جو انجینئر ہیں اُن کے بعد کی جو ڈگریاں یہاں لینے والے ہیں اگر وہ ٹاپ کے ۷ میں آجائیں گے تو اُن کو بھی یہ انعام ملے گا۔

ثواب انشاء اللہ

میں اللہ سے امید رکھتا ہوں

میرے لئے کوئی مشکل نہیں نظر آتی کہ میں نے جو وعدہ کیا ہے وہ پورا نہ کروں۔ اور آپ دل میں یہ عہد کریں اور آپ کے بچے بھی عہد کریں کہ ہم وعدہ پورا کریں گے یعنی خط لکھیں گے۔ اس سال ہر بچہ امتحان دینے والا جو ہے نا اُس کا خط مجھے ملنا چاہیئے۔ چاہے وہ دس ہزار خط ہوں مجھے بڑی خوشی ہو گی ان کا جواب دستخطوں سے میں دوں گا۔ اور اس ترتیب کے ساتھ اُن کو تحفے کتابوں کے بھی دوں گا۔

یہ اُس سکیم سے مختلف ہے جس کا میں نے اعلان کیا تھا کہ وظیفہ دیں گے پڑھائیں گے۔

ایک میں نے یہ اعلان کیا ہے کہ ہر طالب علم یعنی SCHOOL GOING AGE کا بچہ ہمارا جو ہے نا وہ دسویں سے پہلے تعلیم نہیں چھوڑے گا۔ ایک ایسی جماعت پیدا ہو جانی چاہیئے پاکستان میں جس کا اپنے AGE GROUP کے لحاظ سے کوئی بھی فرد ایسا نہیں ہے جو میٹرک پاس نہیں ہے۔ اور یہ بڑی چیز ہے، سوچیں گھر میں جا کر۔ بہت بڑی چیز ہے۔ اگر ہم اس میں کامیاب ہو جائیں اور ساری جماعت کوشش کرے کہ کامیاب ہونا ہے ہم نے یعنی اس میں یہ شرط نہیں ہے کہ وہ تھرڈ ڈویژن میں پاس ہوتا ہے یا اپنے نمبر لیتا ہے کہ اگر ایک نمبر کم ہوتا تو وہ فیل ہو جاتا یعنی کوئی فرق نہیں میٹرک ہونا چاہیئے اس کو۔ اور اس کے لئے ضروری خرچ جس کی اس کے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

والدین کو طاقت نہیں، وہ جماعت کو کرنا چاہیے کیونکہ

یہ بہت بڑا ہے منصوبہ

اور جو میں نے اعلان کیا GENIUS ہو یا ٹاپ کے دماغ ہوں اُن کو ہم نے سنبھالنا ہے اس سے یہ منصوبہ مختلف ہے اور نوعیت کا ہے کیونکہ

ہر دماغ کو

میٹرک سے پہلے ہم نے سنبھالنا ہے لیکن اپنے اثر کے لحاظ سے اور اپنی افادیت کے لحاظ سے یہ کم اہمیت کا منصوبہ نہیں اور وسعت کے لحاظ سے اس سے بہت بڑا منصوبہ ہے۔

آپ کو میں نے اب اپنی تجربہ گاہ بنا لیا ہے۔ یہ کراچی کے تین ضلعے اور دوسرے تین کل چھ ضلعے ہو گئے جن پر میں تجربہ کر رہا ہوں۔ تو میں نے کہا آپ کو کہ آپ مجھ سے (دل میں۔ اونچی آواز سے نہیں) یہ عہد کریں کہ آپ جو بچے طالب علم ہیں وہ مجھ سے وعدہ پورا کریں گے۔ مجھے ضرور خط لکھیں گے۔ اور جو ماں باپ ہیں وہ یہ وعدہ کریں کہ اُن کے بچے ضرور لکھیں۔ نمبر ۲ اور جو جماعتیں ہیں وہ یہ وعدہ کریں کہ مجھے جو بچے خط لکھیں گے اُن کی فہرست مجھے بھجوائیں گے۔ یہ میں خاص وجہ سے کہہ رہا ہوں کیونکہ ہمارے ہاں ڈاک کا انتظام بھی ناقص ہے۔ ہو سکتا ہے کہ سو خط لکھے جائیں اور مجھے ۸۵ ملیں۔ اور پندرہ خط غائب ہو جائیں۔ تو وہ فہرستیں مجھے بھجوانے کا بھی انتظام ہو تا کہ اگر کوئی خط غائب ہو جائے تو ہمارے علم میں آ جائے۔

یہ جو سکیم ہے یہ دراصل جو پہلا مضمون کا حصہ تھا اس سکیم سے چکر کھا کے جا ملتی ہے۔ کیونکہ اگر ہم نے قرآن کریم سکھانا ہے تو

دسویں تک تعلیم ہونی چاہیئے

ہمارے ہر بچے کی۔ جو پڑھنا ہی نہیں جانتا وہ بھی اگر ذہین ہے تو قرآن کریم کا علم حاصل کر سکتا ہے۔ ایک دفعہ (بڑی دیر کی بات ہے میں بچہ تھا) ہمارے لاہور سے فورتھ ائیر کے ایک طالب علم اپنے ساتھ ایک غیر احمدی دوست کو بھی قادیان جلسہ پر لے آئے۔ وہ آپس میں مدرسہ احمدیہ میں بحث کر رہے تھے، اس زمانے میں تو تعداد کہیں کم تھی چھوٹے چھوٹے کمروں میں جماعتیں ٹھہرتی تھیں وہاں وہ ٹھہرے ہوئے تھے۔ آپس میں بحث کر رہے تھے۔ ہمارے احمدی فورتھ ائیر کے طالب علم کو جواب نہیں آیا اُس کا۔ وہ کہنے لگا میں تو مولوی نہیں ہوں میں ہوتے مولوی لوگوں کے آنا۔ خیر وہ ساتھ والے کمرے میں گیا وہاں ایک شخص سفید پوش پگڑی اُس نے پہنی ہوئی، داڑھی اُس نے رکھی ہوئی، بڑا خوبصورت اُس کا چہرہ۔ شکل اُس نے دیکھی اس نے سمجھا یہ مولوی صاحب ہی ہوں گے۔ تو وہ اُن کو جا کے کہنے لگا کہ اس طرح میرا دوست میرے ساتھ آیا فورتھ ائیر کا اور ہم باتیں کر رہے تھے، ایک بات مجھے سمجھ نہیں آئی۔ تو آپ آ کے بتا دیں اس شخص نے کہا چلو میں بتا دیتا ہوں۔ وہ ساتھ ہو لیا۔ وہ یہ سوال کر رہا تھا کہ (سوال صحیح یا غلط وہ میں چھوڑتا ہوں۔ اس وقت اس کے متعلق کہنے کا وقت نہیں) حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بیٹا خلیفہ نہیں ہونا چاہیئے۔ اور پھر یہ آگے بیٹوں میں نہیں جانی چاہیئے۔ وہ کہنے لگا یہ کون سا مشکل سوال ڈال دیا۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلیفہ ہوتے مولوی نورالدین صاحب اور وہ ان کے بیٹے نہیں تھے اور مولوی نورالدین صاحب کے بعد ہوئے مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب اور وہ مولوی نورالدین صاحب کے بیٹے نہیں تھے۔ تو سوال تو اُس نے ویسے ہی کیا تھا اس میں معقولیت نہیں تھی لیکن یہ شخص جس نے جا کر سمجھایا یہ اپنے دستخط بھی نہیں کر سکتا تھا۔ تو یہ تو صحیح ہے کہ وہ ذہین تھے۔ وہ لوگ حضرت صاحب کے آگے خطبے سنا کرتے تھے۔ LITERACY اور چیز ہے اور علم اور چیز ہے۔ تو LITERATE تو ہو ہی جاتے ہیں۔ کئی دسویں پاس ہیں۔ علم اُن کو چھو کے بھی نہیں گزرا کئی میٹرک پاس ہیں۔ تو جو بعض LITERATE ہیں وہ۔ پڑھ لیتے ہیں لکھتے ہیں لیکن علم سے کوئی پیار نہیں سو ہر احمدی کو ہم خالی LITERATE نہیں بلکہ عالم بنانا چاہتے ہیں اور اُس کے لئے LITERATE ہونا بھی ضروری ہے۔

قرآن کریم کی گہرائیوں میں

اگر ہم نے اس کو لے کے جانا ہے تو اس کو کم از کم میٹرک تک کی تو تعلیم ہونی چاہیئے۔ پھر جو اُن میں ہوشیار ہیں انشاء اللہ وہ آگے جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ کو علم کے میدان میں اتنی برکتوں سے بھر دے کہ جو بہت آگے نکلے ہوئے ہیں ان کے لئے بھی حیرانی کا باعث بن جائے۔

ٹویوٹا
گاڑی کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات ہول سیل پر
الفرقان موٹر اسٹور سے حاصل کریں
۳۸۔ تبت سنٹر۔ بندر روڈ۔ کراچی
فون نمبر ۴۶۰۹۷

شالوں کی مشہور
دکان
"الفردوس شال ہاؤس"
۸۵۔ انارکلی۔ لاہور
اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہول سیل کی
ایک نئی شاخ
"الفردوس شال ہاؤس"
۲۴۔ اتحاد بازار اعظم کلاتھ
مارکیٹ
لاہور

فون رہائش ۲۷۹۴۶ فون آفس ۲۲۲۸۳
سفینہ انڈسٹریز لمیٹڈ
مقبول روڈ فیصل آباد
امپورٹر ایکسپورٹر
لون، وائل، پردہ کلاتھ، پالیسٹر
جاذب نظر۔ دیدہ زیب
ہر گھر کی پسند
آفس
مندر گلی، ریل بازار فیصل آباد

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں۔
ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے
شریف ڈنٹل کلینک
نزد مسجد اقصیٰ ربوہ
فون ۵۴۳

ربوہ
میں اور
مضافات ربوہ میں
- سکنی - زرعی
- رہائشی مکان
- کوٹھی و پلاٹ
کی خرید و فروخت کے لئے
اپنے قابل اعتماد ادارہ کو
خدمت کا موقعہ دیں انشاء اللہ
آپ کا اعتماد بحال رہے گا۔
فضل عمر پراپرٹی ڈیلر
- اور -
برکس سپلائیرز
نزد ریلوے پھاٹک
مسجد اقصیٰ روڈ
- ربوہ -
فون دفتر ۶۴۰
فون رہائش ۵۴۰

شاہی طبیب
حضرت خلیفۃ المسیح اول رضؓ
کے ہاتھوں سے قائم ہونے والا
واحد ادارہ
دواخانہ حکیم نظام جان
اب ان کے صاحبزادے حکیم
انوار جان کی نگرانی میں کام کر رہا
ہے۔ ربوہ میں ہمارا اسٹاک
پبلک جنرل سٹور بالمقابل ایوان محمود
دواخانہ حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
فون ۷۳۹۹۷

ضرورت ہے
ہمیں لبنزا ریسٹورنٹ اور کنڈیکٹر
میں کام کرنے کے لئے سٹاف
کی ضرورت ہے (جس کا عنقریب
افتتاح ہونے والا ہے۔
۱۔ باورچی ایک جو کھانے پکانے
میں ماہر ہو۔
۲۔ سروس مین (ویٹر) دو (کم
از کم میٹرک پاس ہوں)
پتہ: مجید احمد بابو۔ ناصر چوہدری
مکان ۵۰/۱ اقصیٰ روڈ ربوہ

جائیداد
کی
خرید و فروخت
کیلئے
با اعتماد ادارہ
ندیم کنسٹرکٹرز
اینڈ
پراپرٹی ڈیلرز
فون ۵۲۱
فون گھر ۴۳۱
ریلوے روڈ
بالمقابل
ریلوے اسٹیشن
رحمت بازار ربوہ
کو
یاد رکھیں

ڈان ٹیلیویژن سنٹر
- ٹی وی - ٹیپ ریکارڈر - ٹرانسسٹر ریڈیو کی خرید و فروخت
تبادلہ اور معیاری مرمت کا واحد اور منفرد ادارہ
ڈان ریڈیو سروس دارالبرکات ربوہ

آنکھوں کا کلینک
پام ویو - ۵ ڈیوس روڈ لاہور
میں اب موسم گرما کے اوقات مندرجہ ذیل
ہوں گے۔ سوائے جمعہ کے ہر روز صبح
۸ بجے سے ۱۱ بجے تک اور شام کو
۵ بجے سے ۷ بجے تک جب سابق
اتوار کے روز غریب لوگ بغیر فیس کے
معائنہ کرا سکیں گے۔
ڈاکٹر بریگیڈیر مرزا مبشر احمد

خدمت کی راہوں پر رواں دواں
دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
(حکیم نظام جان مرحوم والا)
• گوجرانوالہ چوک گھنٹہ گھر
• ربوہ - بالمقابل ایوان محمود

ہوالشافی: اکسیر گلٹی پستان (دودھ جانوروں کے لئے)
ایک ہفتہ کا کورس قیمت ۲۱/- روپے۔ حیوانات کی ادویات کا لٹریچر مفت طلب کریں
کیور ویٹ میڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو) رجسٹرڈ پاکستان۔ لاہور کراچی ہیڈ آفس ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

ربوہ اور بیرون ربوہ میں سکنی اور زرعی جائیداد کی
خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابل اعتماد ادارہ
احمد اسٹیٹس انس مارکیٹ رجسٹرڈ ربوہ فون ۵۳۵